نام کتاب : تحریکاتِ ملی (مجلہ علم و آگہی کا خصوصی نمبر)
صفحات : ۴۵۶
قیمت : درج نہیں ہے۔

زیرِ نظر کتاب درحقیقت گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی کے مجلہ "علم و آگہی" کا تحریکاتِ ملی نمبر (۸۳ - ۱۹۸۲ء) ہے۔ اس میں مسلمانان پاک و ہند کی سیاسی جدوجہد بیان کی گئی ہے۔ مستند تاریخی حوالوں کے ساتھ مختلف تحریکات مثلاً تحریکِ اصلاح وجہاد، جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء تحریک خدام کعبہ، تحریک ریشمی رومال، تحریک ہجرت، تحریک خلافت اور تحریکِ ترک موالات کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے۔ اس خصوصی نمبر کے مرتبین ڈاکٹر ابوسلمان شاہجہان پوری، پروفیسر ڈاکٹر انصار زاہد اور پروفیسر مصلح الدین صدیقی ہیں اور اس میں شامل مقالات ملک کے مشاہیر اہلِ قلم کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ مقالہ نگاروں میں ڈاکٹر محمد ایوب قادری، مولانا سعید الرحمٰن علوی، ڈاکٹر معین الدین عقیل، سید حسین حسنی اور مولانا محمد طیب شامل ہیں

ماضی قریب میں مسلمانانِ برصغیر کی ملی تحریکات پر تحقیقی انداز میں اور یکجا طور پر غالباً یہ سب سے پہلی کوشش ہے۔ ہماری رائے میں مجلہ "علم و آگہی" کا یہ خصوصی نمبر اپنے مستند تاریخی حوالوں اور دستاویزات کی بدولت ایک تاریخی حوالہ کتاب کی حیثیت رکھتا ہے۔

(۳)

نام کتاب : تاریخ و تحریکِ پاکستان
صفحات : ۲۰۰
قیمت : درج نہیں ہے۔

یہ کتاب بھی دراصل گورنمنٹ نیشنل کالج کراچی کے مجلہ "علم و آگہی" کا خاص نمبر ہے اس میں تحریکِ پاکستان سے متعلق مضامین و مقالات جمع کیے گئے ہیں، مباحث میں نظریۂ پاکستان، دو قومی نظریہ، علی گڑھ تحریک اور مسلم لیگ کی جدوجہدِ قیامِ پاکستان شامل ہیں۔ اس کا انداز و اسلوب تحقیقی نہیں ہے بلکہ اوسط سطح کا ہے۔ بہرحال نظریۂ و تحریکِ پاکستان سے متعلق موضوعات کے بارے میں خاصی اچھی معلومات

© rasailojaraid.com